آسان

عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

کرنل ڈاکٹر اعجاز احمد خان بیگ گرامی

جلد ۱

مظہر بک ڈپو

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

مرتبہ
عاملِ کاملِ اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد-۱

مظہر بک ڈپو
دکان محبوب کار نمبر ST2 III E نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

آسان عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے منتسبین کے آسان اور فوراً اثر کرنیوالے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ۱

مرتبہ

عاملِ کامل اعجاز احمد خاں سنگھانوی

ایم۔ اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ۷ محبوب کارنر ST-2, III E

نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک

صلی اللہ علیہ وسلم

نام کتاب : ——— آسان عملیات و تعویذات (جلد اوّل)

نام مرتّب : ——— اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم، اے)

نام کاتب : ——— محمد رمضان

سائز : ——— ۲۳ × ۱۸ / ۸

کل صفحات : ——— ۳۲۰

قیمت : ——— ۲۰۰/- روپے

اشاعت ثالث : ——— ذیقعدہ ۱۴۲۵ھ / جنوری ۲۰۰۵ء

ناشر : ——— شاہ محمد قمر عالم خاں

مصحح : مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم

فون : ۶۷۰۳۴۹۴ (67034946)

کتبخانہ انور شاہ کی جملہ مطبوعات کے لئے تمام خط و کتابت اس پتہ پر کریں۔

مظہر بک ڈپو دوکان ۲ محبوب کارنر E III و ST-2 نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۳۔ کراچی نمبر ۱۸، پوسٹ کوڈ نمبر : ۷۴۶۰۰

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد و عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اوّل وقت نماز ادا کریں۔

(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔

(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کے ساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

اللھم
صل علی محمد وعلی آل محمد
کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم
انک حمید مجید
اللھم
بارک علی محمد وعلی آل محمد
کما بارکت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم
انک حمید مجید۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوابین اور سُنت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا ورد رکھے۔ ہر نماز کے بعد سَو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو دو مرتبہ اور عشاء کے بعد تین مرتبہ۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کرکے باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دُعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالم دین سے اعراب لگوالے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہوجاتا ہے۔

۶۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کرکے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷۔ تعویذ یا نقش بوسیدہ ہوجائے تو اسے کسی پاک وصاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کردے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کردے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کرکے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۹۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کرکے چاندی کے تعویذ میں بند کرلے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کرلے یا پاک چمڑے میں سلوالے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال باآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲۔ تعویذ ہمیشہ پکی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر پکی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کرکے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا کچی روشنائی (مثلاً ڈاٹ انک وغیرہ کی طرح کی کچی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کردے۔ دراصل یہ رمز واشارہ ہے۔

۱۴۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵۔ بغض وحب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کرکے عمل کرے۔ ورنہ دنیا وآخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہوجائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہوجاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہوجائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل واحسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعوٰی سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت وخواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔ انبیائے کرام، مقرب فرشتوں اور اولیائے کرام کے اسمائے گرامی جن نقوش

یادعاؤں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لیے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعتِ اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ وعمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگانِ دین و مشائخ عظام رحمہم اللہ جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اُس ثواب کے اُس کو بھی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رح بنام مولانا ضیاء الحق
منقول در مکتوباتِ اکابرینِ دیوبند ص ۵۸)

کاہن[1]، ساحر[2]، جادوگر[3]، رمّال[4] اور نجومی[5] کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے۔"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے۔ اس لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو۔ کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۲، ۱۸۳)

---

[1] جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا۔ [2] جادوگر، جادو ٹونہ، افسوں اور طلسم کرنے والا [3] جادو کرنے والا۔ [4] علم رمل کا ماہر جوتشی، نجومی۔ [5] علم نجوم کا ماہر جوتشی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین
آسان عملیات و تعویذات
جلد اول

استاذِ محترم، استاذ العلماء والفقہاء والمحدثین والمفسرین
حضرت مولانا شمس الحق خان صاحب جلال آبادی
رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت

استاذ محترم حضرت مولانا شمس الحق خان صاحبؒ ابن مولوی عبد الواحد خان صاحبؒ جلال آبادی، قصبہ جلال آباد ضلع مظفر نگر (انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے قصبہ ہی میں حاصل کی۔

دینی علوم کی تکمیل جامعہ اشرفیہ لاہور سے کی۔ تکمیل کے بعد دو سال حیدرآباد سندھ میں رہے اس کے بعد ۱۹۵۶ء میں دار العلوم کراچی میں مدرس بن گئے اور تمام زندگی دار العلوم ہی میں تدریس کا فریضہ انجام دیا۔

مورخہ ۲۸ر ذی الحجہ ۱۴۲۴ھ / ۲۰ر فروری ۲۰۰۴ء کو خطیب جامع مسجد دار العلوم کراچی جمعہ کا خطبہ پڑھ رہا تھا اور خدا کے مقبول بندے دربارِ خداوندی میں اجسام کے ساتھ حاضری کے منتظر تھے کہ استاذِ محترم کی روح لبیک کہتے ہوئے سب سے پہلے اللہ رب العزت کے دربار میں حاضر ہو گئی۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

اس کتاب سے فائدہ اٹھانے والے حضرات سے دلی درخواست ہے کہ وہ میرے محسن و مربی استاذ محترم کے ایصالِ ثواب کے لئے اول تین بار دُرود شریف اس کے بعد چودہ بار الحمد شریف مکمل اس کے بعد تین بار قل ھو اللہ احد (پوری سورت) آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر استاذِ محترم کی روح کو ایصالِ ثواب کریں۔

فقط والسلام

اعجاز احمد خان سنگھانوی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض، باڈی یا انگیہ نہ پہنے ہو) صرف کرتہ ہو، کرتہ کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے۔ اس کرتہ کو بالشت سے ناپ کر نشان لگائے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتہ پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے) پھر اس کرتے کو پندرہ بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔ اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہو جائے) یا بڑھے (بڑا ہو جائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان کا ہے تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن کا ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کر سکتا ہے البتہ سورۃ فاتحہ پچیس ۲۵ بار اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاء اللہ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

۱۔ سورۃ فاتحہ تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

۲- آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِـيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــــُٔـــوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

۳- سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰۗفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِۨ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝

۴- سورۃ جن شروع سے لے کر شَطَطًا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ جن کی آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

۵- سورۃ اخلاص آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ڏ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

۶- سورۃ فلق۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

۷- سورۃ الناس آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ڏ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

سورۃ اعراف پارہ ۹ کی آیتِ ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے۔

سورۃ اعراف کی آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲- مرض۔ آسیب۔ سحر۔ جن معلوم کرنیکا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب سے ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

۱- سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝

۲- والصّٰفّٰت سے لے کر لفظ ۰ لازب ۰ تک (سورۃ الصّٰفّٰت) ایک بار۔

۳- سورۃ جن شروع سے لے کر لفظ ۰ شططا ۰ تک (سورۃ جن) ایک بار۔

۴- قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار۔

۵- قل اعوذ برب النّاس آخر تک ایک بار۔

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے۔ آسیب ہے اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے:

(۱) الحمد شریف (پوری سورۃ فاتحہ) (سات مرتبہ)

(۲) آیۃ الکرسی (سات مرتبہ)

(۳) سورۃ کافرون (قل یاایھا الکفرون) آخر تک (سات مرتبہ)

(۴) سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) آخر تک (سات مرتبہ)

(۵) سورۃ الفلق (قل اعوذ برب الفلق) آخر تک (سات مرتبہ)

(۶) سورۃ الناس (قل اعوذ برب النّاس) آخر تک (سات مرتبہ)

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد سورۃ مزمل سات بار پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ڈورے پر دم کریں پھر ڈورے کو ناپیں اگر ڈورا ناپ سے چھوٹا رہ جائے تو شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور اگر ڈورا ناپ سے بڑا (لمبا) ہو جائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر ڈورا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے۔ ڈاکٹر حکیم سے علاج کرائے

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بغیر

استخارہ کیے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ

"اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا کم بختی اور کم نصیبی
کی بات ہے۔"

جس کام کو استخارہ کرکے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ضرور
کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود
اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کرسکے کرے۔

(۱)

استخارہ کی نیت کرکے دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے اس
کے بعد خوب دل لگاکر یہ دعا تین مرتبہ پڑھ لے (اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ
دیکھ کر پڑھ لے) دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ
وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَ
تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ
تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ
فَاقْدِرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا
الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ
عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ
ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ۔

دعا پڑھتے وقت جب ھٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان
میں (تصور میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف
منہ کرکے باوضو سوجائے (اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب کی

کی طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سوجائے) سونے کے بعد کروٹ
بدل جائے تو حرج نہیں جب سوکر اٹھے اس وقت جو بات مضبوطی سے دل میں
آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل
میں خلجان اور تردد (شک و شبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے
انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام
کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ
شدید ہے تو کام کرلے اور اگر شک و شبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہوجائے گی۔

ف: یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے مختلف لفظوں کے ساتھ
حدیث شریف میں آئی ہے۔ جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نماز عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے
پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے
اور مندرجہ ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل پڑھے:

(۱) سورۃ الشمس سات مرتبہ پارہ ۳۰ سورۃ والشمس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰھَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰھَا ۝ وَالنَّھَارِ اِذَا
جَلّٰھَا ۝ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰھَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰھَا ۝ وَالْاَرْضِ
وَمَا طَحٰھَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰھَا ۝ فَاَلْھَمَھَا فُجُوْرَھَا وَ
تَقْوٰھَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰھَا ۝
کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰھَآ ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰھَا ۝ فَقَالَ لَھُمْ
رَسُوْلُ اللّٰہِ نَاقَۃَ اللّٰہِ وَسُقْیٰھَا ۝ فَکَذَّبُوْہُ فَعَقَرُوْھَا ۝
فَدَمْدَمَ عَلَیْھِمْ رَبُّھُمْ بِذَنْۢبِھِمْ فَسَوّٰھَا ۝ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰھَا ۝

(۲) سورۃ الیل سات مرتبہ (۷ دفعہ)۔ سورۃ اللیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى ۙ وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى ۙ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى ۙ إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۗ فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى ۙ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۙ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرٰى ۗ وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۙ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۙ فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرٰى ۗ وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدّٰى ۗ إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۖ وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولٰى ۗ فَأَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۚ لَا يَصْلٰهَا إِلَّا الْأَشْقَى ۙ الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۗ وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ۙ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكّٰى ۚ وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِعْمَةٍ تُجْزٰى ۙ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلٰى ۚ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۗ

(۳) سورۃ اخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الاخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۚ اللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُولَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ۗ

(۴) سورۃ التین سات مرتبہ (۷ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ ۙ وَطُورِ سِينِينَ ۙ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ ۙ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ۙ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ أَسْفَلَ سٰفِلِينَ ۙ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ۗ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ ۗ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحٰكِمِينَ ۗ

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے:

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے۔"

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہوجائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کرکے سوئے اگر مطلب حاصل ہوجائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالے حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہوکر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (پوری سورت پارہ ۳۰) ستر مرتبہ پڑھے:

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۗ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۗ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَإِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۗ

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ:

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے، وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے۔"

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوالے۔ نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

۷۸۶

۱	۸۸۳	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۸۸۲
۶	۹	۸۸۵	۳
۸۸۴	۴	۵	۱۰

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ۔ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ○

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

(۴) سورۃ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰) سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

(۵) سورۃ الناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ ناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۪ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

مختلف نقوش پُر کرنے کا طریقہ

مثلث جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۱۲ تفریق کرکے باقی کو تین سے تقسیم کریں خارج قسمت کو لے کر خانہ بھرنا شروع کریں۔

نوٹ: اگر ایک باقی ہو تو خانہ ۷ میں دو باقی ہوں تو خانہ ۷،۴ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں۔

آتشی

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بادی

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

آبی

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

خاکی

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مربع جس قدر اعداد ہوں ان میں سے تیس (۳۰) تفریق کرکے باقی کو چار (۴) پر تقسیم کریں خارج قسمت سے نقش بھرنا شروع کریں اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۱۳ میں دو ہو تو خانہ ۹ میں ۳ ہو تو خانہ ۵ میں ایک ایک کا اضافہ کریں۔

آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بادی

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

خاکی

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

آبی

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

مخمس

جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ساٹھ تفریق کرکے باقی کو پانچ پر تقسیم کریں اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۲۱ میں ۔ ۲ ہو تو خانہ ۱۶ میں تین ہو تو خانہ ۱۱ میں چار خانہ ۶ میں ایک کا اضافہ کریں۔

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۳۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

ہفت در ہفت

جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۱۶۸ تفریق کرکے باقی کو ۷ پر تقسیم کریں اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۴۳ میں۔ ۲ ہو تو خانہ ۳۶ میں تین ہو تو خانہ ۲۹ میں۔ ۴ ہو تو خانہ ۲۲ میں۔ پانچ ہو تو خانہ ۱۵ میں چھ ہو تو خانہ ۸ میں ۔ ایک کا اضافہ کریں۔

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۳۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

قاعدہ مثلث خالی القلب

جس قدر اعداد ہوں ان کو ۱۲ پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو لے کر خانہ اوّل سے بھرنا شروع کریں۔ دوسرے خانہ میں اوّل سے دوگنا، تیسرے خانہ میں اوّل سے تگنا۔ ساٹھ کو جمع کرکے چوتھے خانہ کی میزان میں پھر ساٹھ کو جمع کریں۔ پانچویں بھی اسی طرح کریں۔ اسی طرح نقش بھرتے چلے جائیں۔ اگر کچھ باقی رہے تو خارج قسمت کو جمع کرنے کے بعد باقی کو میزان میں جمع کریں اور خانہ چھ میں بھریے اس میزان میں خارج قسمت کو جمع کرکے خانہ سات میں بھریں۔ اسی طرح خانہ ۸ میں اور ۹ کو مثلاً محمّد کے اعداد ۹۲ ہیں بارہ سے تقسیم کرنے پر خارج قسمت سات آیا اور باقی آٹھ۔ پس اول خانہ میں ۷ لکھیں دوسرے میں چودہ، تیسرے میں اکیس، چوتھے میں اٹھائیس پانچویں میں پینتیس، چھٹے میں بیالیس۴۲ (باقی آٹھ چھٹے خانے میں جمع کئے تو پچاسی ہوئے) لہٰذا چھٹے خانے میں ۸۵ ساتویں میں ۵۷ آٹھویں میں ۶۴ اور خالی خانہ میں بقیہ۔

نقش مثلث مساوی الاضلاع پر کرنے کا طریقہ

جس اسم یا آیت کا نقش مثلث پر کرنا ہو اس کے اعداد دے کر مجموعہ میں سے بارہ عدد کم کرکے باقی کو تین پر تقسیم کرکے حاصل تقسیم کو پہلے خانے میں رکھ کر ہر خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کرتے جائیں۔ نقش پُر ہو جائے گا۔ مثلاً حوا کا نقش پُر کرنا ہے۔ اس کے اعداد کا مجموعہ پندرہ ہے۔ لہٰذا اس میں حسب ذیل عمل کریں۔ حاصل تقسیم ایک ہوا

مخمس

جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ساٹھ تفریق کر کے باقی کو پانچ پر تقسیم کریں اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۲۱ میں۔ ۲ ہو تو خانہ ۱۶ میں تین ہو تو خانہ ۱۱ میں چار خانہ ۶ میں ایک کا اضافہ کریں۔

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

ہفت در ہفت

جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ۱۶۸ تفریق کر کے باقی کو ۷ پر تقسیم کریں اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۴۳ میں۔ ۲ ہو تو خانہ ۳۶ میں تین ہو تو خانہ ۲۹ میں۔ ۴ ہو تو خانہ ۲۲ میں۔ پانچ ہو تو خانہ ۱۵ میں چھ ہو تو خانہ ۸ میں۔ ایک کا اضافہ کریں۔

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۳۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

قاعدہ مثلث خالی القلب

جس قدر اعداد ہوں ان کو ۱۲ پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو لے کر خانہ اوّل سے بھرنا شروع کریں۔ دوسرے خانہ میں اوّل سے دوگنا، تیسرے خانہ میں اوّل سے تگنا۔ ساٹھ کو جمع کر کے چوتھے خانہ کی میزان میں پھر ساٹھ کو جمع کریں۔ پانچویں بھی اسی طرح کریں۔ اسی طرح نقش بھرتے چلے جائیں۔ اگر کچھ باقی رہے تو خارج قسمت کو جمع کرنے کے بعد باقی کو میزان میں جمع کریں اور خانہ چھ میں بھریے اس میزان میں خارج قسمت کو جمع کر کے خانہ سات میں بھریں۔ اسی طرح خانہ ۸ میں اور ۹ کو مثلاً محمّد کے اعداد ۹۲ ہیں بارہ سے تقسیم کرنے پر خارج قسمت سات آیا اور باقی آٹھ۔ پس اول خانہ میں ۷ لکھیں دوسرے میں چودہ، تیسرے میں اکیس، چوتھے میں اٹھائیس پانچویں میں پینتیس، چھٹے میں بیالیس ۴۲ (باقی آٹھ چھٹے خانے میں جمع کئے تو پچاسی ہوئے) لہٰذا چھٹے خانے میں ۸۵ ساتویں میں ۷۵ آٹھویں میں ۶۴ اور خالی خانہ میں بقیہ۔

نقش مثلث مساوی الاضلاع پر کرنے کا طریقہ

جس اسم یا آیت کا نقش مثلث پر کرنا ہو اس کے اعداد لے کر مجموعہ میں سے بارہ عدد کم کر کے باقی کو تین پر تقسیم کر کے حاصل تقسیم کو پہلے خانے میں رکھ کر ہر خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کرتے جائیں۔ نقش پُر ہو جائے گا۔ مثلاً حوا کا نقش پُر کرنا ہے۔ اس کے اعداد کا مجموعہ پندرہ ہے۔ لہٰذا اس میں حسب ذیل عمل کریں۔ حاصل تقسیم ایک ہوا

اسے پہلے خانہ میں لکھیں اور ہر خانے میں ایک ایک کا اضافہ کرتے چلے جائیں نقش پُر ہوگیا۔ نقش حسب ذیل ہے۔

۱۵
۱۲
۱) ۳ (۳
۳
×

۱۶ر۷

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نوٹ :۔ نقش میں جس ترتیب سے اعداد بھرے گئے ہیں یہی ترتیب اس کے خانوں کی ہے بس جس خانے میں ایک کا ہندسہ ہے وہ پہلا خانہ ہے اور جس میں دو ہے وہ دوسرا اس ترتیب کا لحاظ ہر قسم کے نقوش میں رکھا جائے۔ جب اعداد کی تقسیم برابر ہو جائے تب یہ صورت ہے۔ لیکن اگر تقسیم سے کچھ بچ جائے تو اگر ایک بچے اسے ساتویں خانے میں لکھو اور دو باقی رہیں تو چوتھے خانہ میں اس کا اضافہ کرو مثلاً کسی نام کے اعداد سولہ (۱۶) ہیں تو اس طرح عمل ہوگا۔

۱۶
۱۲
۱) ۴ (۳
۳
۱

۶	۱	۹
۸ خانہ کسرا	۵	۳
۲	۱۰	۴

اس نقش کے ساتویں خانہ میں ایک کا اضافہ ہے

اور کسی نام کے ۱۷ اعداد ہیں تو اس کی صورت یہ ہے :۔

۷	۱	۹
۸	۶	۳
۲	۱۰	۵ خانہ کسرا

اس نقش کے چوتھے خانہ میں ایک کا اضافہ ہے۔

استخارہ

(۱) جو شخص اسم باری تعالٰے اَلرَّحِیْمُ کو لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھے اور پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ بِبَرَکَۃِ ھٰذِہِ الْاِسْمِ فِی الْمَنَامِ مَا اُرِیْدُ۔ ترجمہ اے اللہ مجھ کو خواب میں دکھلادے میرے ارادے کے انجام کو۔ پھر اسی جگہ تکیہ پر سر رکھ کر سو جائے۔ اللہ تعالٰے کام کے انجام کو خواب میں دکھلادے گا۔ اور اگر کچھ نظر نہ آئے تو ذرا دیر میں مراد پوری ہوگی۔

(۲) اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یابدیع العجائب یا کاشف الغرائب گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر بوریہ پر سو جائے۔ غسل کرنا، پاک کپڑے پہننا۔ اور خوشبو لگانا اس میں بھی شرط ہے۔

(۳) ذیل کے نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ خواب میں انشاء اللہ تعالٰے ہر بات کا جواب ملے گا۔

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

(۴) بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر نماز عشاء کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین سو مرتبہ پڑھ کر سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ مع بسم اللہ شریف سترہ مرتبہ پڑھے اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور خداوند تعالٰی سے دعا کرے کہ اے اللہ فلاں امر میں جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے اس کے

بعدیہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ انشاء اللہ العزیز تین راتوں میں مقصد حاصل ہوجائیگا۔

(۵)

وضو کر کے پاک کپڑے پہنے اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹ کر سورۂ
وَالشَّمْسِ سات مرتبہ اور سورۂ وَاللَّیْلِ سات دفعہ اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ
سات دفعہ پڑھے۔ اس کے بعد عاجزی سے کہے کہ اے اللہ مجھ کو میرے خواب
میں وہ چیز دکھا دے اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں
ڈال دے۔ انشاء اللہ اسی رات معلوم ہوجائے گا۔ ورنہ ساتویں رات
تک انشاء اللہ ضرور معلوم ہوجائے۔

(۶)

جس کسی کو دلی بات دیکھنی منظور ہو تو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر سرہانے
رکھ کر سوجائے اور اس دعا کو پڑھ کر سو رہے انشاء اللہ خواب میں صحیح بات دیکھے
گا۔ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ رَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی وَرَبَّ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ
وَرَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَمُنَزِّلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ
وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِی الْمَنَامِ۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ا	ل	ا	ص
ل	م	ص	ا
ا	ص	ا	ل
ص	ا	ل	م

مریض یا مفرور کا حال معلوم کرنا

جب ارادہ ہو کہ کسی مریض یا مفرور کا حال دریافت کریں تو پہلے یہ معلوم
کریں کہ مریض کس روز سے بیمار ہوا ہے یا غائب ہے۔ کس روز سفر کیا ہے
اس روز سے سائل کے سوال تک جمع کرے اور اس کا نام بمعہ والدہ کے
اعداد کو جمع کرے اور ماہ قمری کی جتنی تاریخیں گذری ہوں ان کو جمع کرے
اور بیس ان پر زیادہ کرے اور تیس پر تقسیم کرے اور جو باقی بچا اس سے
حال دریافت کرے۔

لوح حیات

۱	۲	۳	۴	۵
۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵

لوح ممات

۶	۷	۸	۹	۱۰
۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۰

چور کی شناخت

(۱)

مرغی کا انڈا لے کر اس پر سورہ ملک شروع سے لے کر خٰسِئٌ تک
لکھے اور روغن سے تر کر کے لڑکے کو دے دے اور کہے کہ اس انڈے کو
دیکھتا رہے اور خود سورۂ یٰسین شریف پڑھے۔ پھر دریافت کرے چور کا
سارا حال بتادے گا۔

بعدیہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ انشاء اللہ العزیز تین راتوں میں مقصد حاصل ہوجائیگا۔

(۵)

وضو کر کے پاک کپڑے پہنے اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹ کر سورہ
وَالشَّمْسِ سات مرتبہ اور سورہ وَاللَّیْلِ سات دفعہ اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ
سات دفعہ پڑھے۔ اس کے بعد عاجزی سے کہے کہ اے اللہ مجھ کو میرے خواب
میں وہ چیز دکھادے اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں
ڈال دے۔ انشاء اللہ اسی رات معلوم ہوجائے گا۔ ورنہ ساتویں رات
تک انشاء اللہ ضرور معلوم ہوجائے۔

(۶)

جس کسی کو دلی بات دیکھنی منظور ہو تو چاہیئے کہ اس نقش کو لکھ کر سرہانے
رکھ کر سوجائے اور اس دعا کو پڑھ کر سورہے انشاء اللہ خواب میں صحیح بات دیکھے
گا۔ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ رَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی وَرَبَّ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ
وَرَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَمُنَزِّلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ
وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِی الْمَنَامِ۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ص	ا	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	ا
م	ل	ا	ص

مریض یا مفرور کا حال معلوم کرنا

جب ارادہ ہو کہ کسی مریض یا مفرور کا حال دریافت کریں تو پہلے یہ معلوم
کریں کہ مریض کس روز سے بیمار ہوا ہے یا غائب ہے۔ کس روز سفر کیا ہے
اس روز سے سائل کے سوال تک جمع کرے اور اس کا نام بمعہ والدہ کے
اعداد کو جمع کرے اور ماہ قمری کی جتنی تاریخیں گذری ہوں ان کو جمع کرے
اور بیس ان پر زیادہ کرے اور تیس پر تقسیم کرے اور جو باقی بچا اس سے
حال دریافت کرے۔

لوح حیات

۵	۴	۳	۲	۱
۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱
۲۵	۲۴	۲۳	۲۲	۲۱

لوح ممات

۱۰	۹	۸	۷	۶
۲۰	۱۹	۱۸	۱۷	۱۶
۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶

چور کی شناخت

(۱)

مرغی کا انڈا لے کر اس پر سورہ ملک شروع سے لے کر خَبِیْرٌ تک
لکھے اور روغن سے تر کر کے لڑکے کو دے دے اور کہے کہ اس انڈے کو
دیکھتا رہے اور خود سورہ یٰسین شریف پڑھے۔ پھر دریافت کرے چور کا
سارا حال بتادے گا۔

(۲)

جو کی روٹی پر یہ نقش لکھ کر سب کو کھلائیں جو چور ہو گا اس سے روٹی نہ کھائی جا سکے گی۔

۷۸۶

۱۷۷۸	۱۷۷۳	۱۷۸۰
۱۷۷۹	۱۷۷۷	۱۷۷۵
۱۷۷۴	۱۷۸۱	۱۷۷۶

(۳)

یہ اسماء لکھ کر کلام مجید کے درمیان رکھیں چور کے پیٹ میں درد ہو گا جب تک چیز نہ دے گا درد زائل نہ ہو گا۔

یاثمنخیثا یاثمنخیثا اھیا اشراھیا ثمنخیثاہ

(۴)

قند سیاہ کہنہ پر یہ عزیمت ستر (۷۰) مرتبہ پڑھکر دم کریں اور تھوڑا تھوڑا گھر کے جتنے مرد عورت ہوں سب کو کھلائیں۔ چور کے پیٹ میں درد ہو گا اور سب مطلع ہو جائیں گے۔ عزیمت یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْدُوْنَ جِنَّ صَاحِبِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

(۵)

ذیل کی عبارت کو پینتالیس ہزار بار بے پرہیز پڑھ کر عمل میں لاوے بوقت ضرورت اس نقش کو لوہے کے ٹکڑے پر لکھے یا کھدوا کر رکھ لے اور اس عبارت کو سات دفعہ پڑھ کر اس پر دم کر کے پانی کے طشت میں

ڈالے اور جن جن پر شبہ ہو اُن کے نام ٹھیکریوں پر لکھ کر اور ایک ٹھیکری پر یہ لکھ کر کہ " کسے دزد نیست " اسی طشت میں ڈال دے۔ چور کے نام کا ٹھیکرا باہر نکل کر جا پڑے گا۔

نقش یہ ہے۔

صلع ابلع اطلع

صعل

اجل اعجل جعل

عبارت یہ ہے :۔ ہزار در ہزار گرد آہنیں حصار حصار در حصار ابر سا صبر سا سار سا گرد ایں حصار سا سافعی قلانہ اوام امرہا امرہا کہکلا کہکلا او لم یَر دو لم یو برحمتک یا ارحم الراحمین۔

نوٹ :۔ اس کی بناء پر کسی کو چور سمجھ لینا حرام ہے۔ ہاں بدون بدگمانی کے سراغ رسانی کا مضائقہ نہیں۔

(۶)

جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھ کر گیہوں کے آٹے میں گولی بنالیں اور ایک طشت پانی سے بھر لیں اور اس کے بعد آیۃ الکرسی اور چاروں قل ایک مرتبہ پڑھ کر ان گولیوں کو پانی میں ڈالیں چور کے نام کی گولی اوپر آجائے گی اور باقی گولیاں غرق ہو جائیں گی۔

نوٹ :۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رح نے القول الجمیل میں فرمایا ہے کہ اس قسم کے اعمال پر یقین کا درجہ نہ رکھے۔ اور خواہ مخواہ متہم شخص سے نہ اُلجھے اگرچہ اس کا نام بھی عمل میں نکل آئے۔ اس لئے کہ معاملہ حقوق العباد کا ہے اور

یہ اعمال ظنی ہیں قطعی اور یقینی نہیں۔

(۷)

جس شخص کی کوئی چیز کھوئی جائے تو یہ عمل کرے۔ یَا حَفِیظُ ایکسو انیس ۱۱۹ مرتبہ پڑھے، بدون زیادتی اور کمی کے۔ پھر یہ آیت ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ پڑھے
یَا بُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ ط گم شدہ چیز انشاء اللہ مل جائیگی

گمشدہ و مفرور کی واپسی

(۱)

برائے حاضری مفرور۔ اتوار کے روز یہ نقش لکھ کر چرخے میں باندھے اور سات مرتبہ الٹا گھما دے۔ مفرور جلد آجائے گا۔ انشاء اللہ

۷۸۶

یا بدوح یا علی
یا بدوح
یا بدوح
یا بدوح
یا بدوح

(۲)

اس گردنامہ کو لکھ کر درخت میں ایسے طور سے لٹکائے کہ ہوا سے ہلے۔ انشاء اللہ جلد واپس آئے گا۔

۷۸۶

الٰہی بحرمت عبد الکریم
مشرق
فلاں

(۳)

اس طلسم کو لکھ کر چرخے میں باندھے اور الٹا گھما دے مفرور جلد حاضر ہوگا۔ انشاء اللہ

ک ا ط ا م و س ۸ ۱۲ ۴ ع ۴ ۴ ا و د ۴ ا و د ۴ ۴ ۹ ۵ × ع ۱۱ ع ۲ م ا د ر

(۴)

غائب اور مفرور کے لئے اس نقش کو بھاری وزن کے نیچے دبائے یا کسی درخت پر لٹکا دے کہ ہلتا رہے یا چرخے میں باندھ کر الٹا گھمائے انشاء اللہ جلد کامیابی ہوگی۔

بستم راہ مشرق فلاں ابن فلاں

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بستم راہ شمال فلاں ابن فلاں

(۵)

برائے مفرور و شئے گمشدہ سورۂ والضحیٰ کا اکتالیس بار پڑھنا مجرب ہے اور بھاگے ہوئے کو واپس لانے کیلئے سورۂ والضحیٰ لکھے اس طریقے سے کہ وَوَجَدَکَ ضَالًّا فَھَدٰی کے بعد اس بھاگے ہوئے کا نام لکھے، اسکے بعد تمام سورۃ لکھے اور نوشتہ کو قرآن شریف میں رکھ دے مجرب ہے۔

(۶)

اس گردنامہ کو لکھ کر کوری ہنڈیا میں رکھے اسی وقت بھاگا ہوا واپس آئے گا۔ انشاء اللہ۔

ک ا ع ا د ا ع ا ع ا

مکان کیلنا

(۱)

چار کیلوں پر پچیس پچیس بار اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَأَكِيدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا۔ پڑھ کر دم کرے اور مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دے۔

(۲)

جس مکان میں آسیب، جن وغیرہ کا اثر ہو۔ اس کے کیلنے کا مجرب طریقہ یہ ہے کہ چار کیلیں لے کر ہر کیل پر سورہ شفا۔ ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشَى طَائِفَةً مِنْكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُولُونَ هَلْ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ط يُخْفُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ ط يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هَاهُنَا ط قُلْ لَوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَى مَضَاجِعِهِمْ ج وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ط وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ سات سات بار پڑھ کر دم کر کے مکان کے چاروں گوشوں میں گاڑ دیں۔

(۳)

دفع جن کے واسطے یہ عمل کرے کہ اصحاب کہف کے نام گھر کی دیواروں پر لکھے۔ وہ نام یہ ہیں:۔

یملیخا۔ مکسلمینا۔ مسیلمینا۔ مرنوش۔ بیرنوش۔ شاذنوش۔ مرطونس۔ قطمیر۔

ف:۔ اصحاب کہف کی تعداد اور ناموں اور مسکن میں اختلاف مورخین و مفسرین کا بہت ہے یہ نام موافق تحقیق صاحب تفسیر حسینی کے جو بروایت امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ ہے۔ لکھے ہیں۔

(۴)

آسیب وغیرہ دور ہونے کے واسطے پاک پانی پر سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور یہ پانچ آیتیں اوّل سورہ جن کی پڑھے۔ قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ وَلَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا وَأَنَّهُ تَعَالَى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطًا وَأَنَّا ظَنَنَّا أَنْ لَنْ تَقُولَ الْإِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ط

اور اسی پانی کا چھینٹا مارے فوراً انشاء اللہ العزیز ہوش میں آجائے گا اور جب کسی مکان میں جن معلوم ہو تو اسی پانی سے اس مکان میں چاروں طرف چھینٹے مارے تو وہاں جن پھر نہ آئے گا۔

برائے دفع آسیب و جنّ

(۱)

اگر کسی کو ارواح خبیثہ یا جن ستاتے ہوں تو مریض کے پھٹے ہوئے پرانے کپڑے پر یہ نقش تحریر کریں اور تین مرتبہ مریض کے سر سے پاؤں تک اتار کر جلا دیں۔ بحکم خدا تعالیٰ خبیث روح جل کر خاکستر ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۹۳	۷۸۶	۷۹۱
۷۸۸	۷۹۰	۷۹۲
۷۸۹	۷۹۴	۷۸۰

انه من سلیمان وانه بسم الله الرحمٰن الرحیم

سوختم سوختم سوختم

(۲)

ذیل کا نقش لکھ کر ایک دائیں بازو میں باندھے اور گلے میں۔ انشاء اللہ آسیب کا دخل پھر جسم میں نہ ہوگا۔

الرحیم ۹	الرحمٰن ۱۱	الله ۱۴	بسم ۱
بسم ۱۳	الله ۲	الرحمٰن ۷	الرحیم ۱۲
الرحمٰن ۳	الرحیم ۱۶	بسم ۹	الله ۶
الله ۱۰	بسم ۵	الرحیم ۴	الرحمٰن ۱۵

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

(۳)

فتیلہ برائے آسیب وغیرہ ناک میں دھواں پہنچائے۔ فتیلہ یہ ہے

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۵	اجب یا دردائیل بحق بدوح زد دے زدیار	۷

(۴)

یہ فتیلہ حضرت شیخ عبدالاحد سرہندی قدس سرہ کا ہے۔ فتیلہ لکھ کر اس پر روئی لپیٹے اور مریض کے سامنے بعد نماز عشاء کڑوے تیل میں کورے چراغ میں جلائے۔ مریض کو وضو کرا کے مصلے پر بٹھایا جائے۔

فتیلہ یہ ہے۔

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

(۵)

فتیلہ برائے بھوت و آسیب وغیرہ۔ کڑوے تیل میں کورے چراغ میں آسیب زدہ کے سامنے روشن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔

فرعون شداد

۶۳

۹۵

عمر

۲

۵ ۴ ۳

۷ ۹ ۸

شداد نمرود ہامان فرعون

(۶)

اس نقش کا فتیلہ بنا کر تیسرے روز ایک ایک فتیلہ سرسوں کے دانے نقش میں بھر کر اور روئی لپیٹ کر سرسوں کے تیل میں جلا کر اس کا دھواں آسیب زدہ کے کان ناک منہ اور تمام بدن میں پہنچائے اور مریض کے اوپر لحاف ڈھانک دیں اور آٹھ کے ہندسہ کی طرف سے جلانا شروع کردیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

فرعون قارون ہامان شداد نمرود ابلیس
علیہم اللعن واتباع ایشان اگر نہ گریزند سوختہ شوند

(۷)

اس دعا کو پیپل کے پتہ پر لکھ کر تین روز تک آسیب زدہ کو چٹائے نیز چالیس روز تک کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر ایک تعویذ روز مریض کو دھو کر پلائے۔ دعا یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ یَاحَیُّ حِیۡنَ لَاحَیَّ فِیۡ دَیۡمُوۡمَۃِ مُلۡکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَاحَیُّ۔

(۸)

برائے دفع آسیب و مرض، مسان و سحر وغیرہ یہ نقش دعائے سیفی لکھ کر اور اس نقش میں گیارہ عدد آلپن رکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں دھاگا نیلا استعمال کریں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۶۰۶	۱۲۸۶۰۹	۱۲۸۶۱۲	۱۲۸۵۹۸
۱۲۸۶۱۱	۱۲۸۵۹۹	۱۲۸۶۰۵	۱۲۸۶۱۰
۱۲۸۶۰۰	۱۲۸۶۱۴	۱۲۸۶۰۷	۱۲۸۶۰۴
۱۲۸۶۰۸	۱۲۸۶۰۳	۱۲۸۶۰۱	۱۲۸۶۱۳

(۹)

جملہ آفات سے حفاظت کے لئے یہ نقش سورۂ جنؐ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۷۸۲۲	۷۸۱۷	۷۸۲۴
۷۸۲۳	۷۸۲۱	۷۸۱۹
۷۸۱۸	۷۸۲۵	۷۸۲۰

(۱۰)

یہ نقش آسیب زدہ کے لئے بے حد مجرب ہے۔ یہ آیۃ الکرسی کا نقش ہے گلے میں باندھے یا بازو میں باندھے۔ برائے حب الزوجین بھی یہ نقش مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ — بسم اللہ

۳۶۱۶	۳۵۱۹	۳۵۲۲	۳۵۰۹
۳۵۲۱	۳۵۱۰	۳۵۱۵	۳۵۲۰
۳۵۱۱	۳۵۲۴	۳۵۱۷	۳۵۱۴
۳۵۱۸	۳۵۱۳	۳۵۱۲	۳۵۲۳

فِیۡہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

الٰہی بحرمتہ ہذا النقش فلاں ابن فلاں۔ را از آسیب و بھوت محفوظ دار

(۱۱)

جن کے بچے اکثر تلف ہو جاتے ہوں۔ یہ تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے بارہ سال تک گلے میں رہے اور اس نقش کو ایام حمل میں حاملہ کو بندھوائے اور بعد ولادت بچے کے گلے میں ڈالا جائے اور ہمیشہ جمعرات کو شیرینی بچوں کو تقسیم کی جائے۔

یَا فَتَّاحُ (۷ مرتبہ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (۷ مرتبہ) بحرمۃ یملیخا. مکسلمینا کشفوطط تبیونس کشافطیونس خطیونس یوانس بوس اسم کلبھم قطمیر از ہر بلا نگہدار۔ اس تعویذ کو سات ٹکڑے کاغذ میں لکھے۔ یکے بعد دیگرے لپیٹ دے اور اس کے بعد سات ٹکڑے کپڑے میں لپیٹ دے۔ بعدہٗ موم جامہ میں لپیٹ کر چمڑے میں سلوا کر گلے میں ڈالے مگر ہر سال کے شروع مہینے میں یعنی محرم کی پہلی تاریخ کو ایک روپیہ اللہ واسطے صدقہ دے بارہ سال تک یہ عمل جاری رہے۔

(۱۲)

برائے دفع مسان طفل۔ ایک کلھیا مٹی کی جدید لے کر اس میں تین مٹھی ارد اور تین عدد میخ آہنی ڈال کر اور نقش لکھ کر اس میں رکھے اور ایک تعویذ بچے کے گلے میں باندھے اور اس کلھیا کو سات بار بچے کے اوپر کو اتار کر دفن کر دے۔ تعویذ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحفیظ (سات مرتبہ) الرقیب (سات مرتبہ)
اَللّٰھُمَّ بِالْوَاحِدِ الصَّادِقِ مِنْ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ
لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ

اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ بحرمۃ حاجی محمد شاکر قدس سرہٗ مسان طفل دفع شود۔

ف:۔ بغرض استغاثہ واستعانت نام استعمال کرنا جائز نہیں ہے۔ یہاں اس غرض سے حاجی محمد شاکر کا نام استعمال نہیں ہوا ہے بلکہ محض توسل کے لئے ہے۔

(۱۳)

برائے دفع مسان۔ یہ نقش لکھیں اور سات سوئی پختہ بلا ناکہ (سوراخ والی نہ ہو) تعویذ میں لپیٹ کر اور تعویذ تانبہ یا رانگ کے سوا اور کسی دوسری دھات کا نہ ہو اور سوئی مثل درزی کی سوئی کے ہوں۔ تیار کریں اور قبل تعویذ باندھنے کے ایک روپیہ کا تیل مساجد میں پہنچائیں۔

۱۔ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

۲۔ الٰہی بحرمۃ سورۃ المدثر ۳۔ الٰہی بحرمۃ یاایھا المزمل قم اللیل الا قلیلا ۴۔ الٰہی بحرمۃ سورہ یٰسین (۵) الٰہی بحرمۃ اذا الشمس کورت ط ۶۔ الٰہی بحرمت والشمس وضحٰھا ط ۷۔ الٰہی بحرمۃ والضحٰی واللیل اذا سجٰی ط ۸۔ الٰہی بحرمۃ سورہ الم نشرح لک صدرک ط (۹) الٰہی بحرمۃ قل یاایھا الکافرون ۱۰۔ الٰہی بحرمۃ ایں آیاتہا کہ ازہفت قسم مسان وما فی در وجود فلاں (یہاں مریض کا نام معہ والدہ کے نام کے لکھیں) بلا دفع گردد و بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد یارب العباد۔

(۱۴)

برائے دفع مسان۔ اس نقش کو آٹے کے دھوون میں دھو کر گرم توے میں ڈال کر اس کی دھونی والدہ اور بچہ دونوں کو دیں۔ نقش یہ ہے۔

ہا ۱۱ ۱۱ ++ ااا

اس نقش ذیل کو دھو کر بچہ اور اس کی والدہ دونوں کو پلائیں۔

ہا ۱۱ ۱۱ ++ ح ااا

فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

(۱۵)

دفع مسان کا گنڈہ۔ اکتالیس نیلے تار ڈیڑھ گز لمبے لے کر اس پر اکتالیس بار سورۂ شفاء پڑھ کر دم کریں اور ۳ ماہ حمل سے عورت کی ناف پر بندھوا دیں اور بعد ولادت بچے کے گلے میں ڈلوا دیں۔ اور یہ نقش قل ھو اللہ کا لکھ کر عورت کے گلے میں ڈلوا دیں۔ شرط یہ ہے کہ سات سوئیاں بلا ناکہ تعویذ میں بھر کر دہ اس طرح اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا تک سات بار پڑھ کر سوئیوں پر پھونکے اور تانبے کے تعویذ میں رکھ کر اوپر موم لگا دیں اور بعد ولادت دوسرا یہی نقش اسی طرح کر کے بچے کے گلے میں ڈلوا دیں معمول و مجرب ہے۔

نقش یہ ہے:-

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا	احد

ف:- پرہیزات مسان:- مسان میں ان چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔ مولی۔ گاجر۔ بینگن۔ دال مسور۔ چاول۔ دال ماش۔ دودھ دہی۔ کچی مٹھائی۔ پکوان تیل۔ سب گوشت سوائے بکرے کے۔ اغیار کے گھر کی کھیر اور دودھ۔ زچگی میں نہ جائے۔ موتا میں نہ جائے۔

(۱۶)

فتیلہ برائے آسیب زدہ۔ ناک میں دھونی دی جائے۔

فرعون بے عون ھامان شرمار

عاد ثمود نمرود ابلیس کلھم فی النار

اگر نہ گریزند سوختہ شوند

(۱۷)

برائے دفع مسان۔ ہر روز کاغذ کے پرچہ پر لکھ کر پلائے

بحق اللہ العلی العظیم

(۱۸)

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ پوری اکتالیس بار پڑھ کر اکتالیس گرہ دیوے (دھاگے کا تار نیلا ہو) اور عورت کے پیٹ پر باندھے۔ بعد ولادت بچہ کے گلے میں باندھے اور گنڈہ کے تار اکتالیس ہونے چاہئیں۔

دفع سحر کے لئے

(۱)

جادو سے شفا کے لئے کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر پھونکئے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجئے۔ چالیس دن تک متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کریں جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس کا کھانا علیحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جایا کرے یا گھر میں جو سالن پکتا ہے اس میں ابتدا سے نمک نہ ڈالا جایا کرے۔ جب پک جائے تو مریض کے لئے کھانا علیحدہ نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیں اور گھر کے کھانے میں بے پڑھا ہوا نمک حسب عادت ڈالا جائے۔ آیت حسب ذیل ہے۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔

(۲)

سحر یا آسیب کے لئے سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اس کے

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِیُّ
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ وَالَّذِیْنَ
كَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ
اِلَی الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝
(۵) لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ
اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ
وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ اٰمَنَ
الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ
بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ
اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا
وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ
وَعَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۝ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا
رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ
قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا
وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ
الْكٰفِرِیْنَ (۶) شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝
(۷) اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ
اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ

یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ
بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ
الْعٰلَمِیْنَ (۸) فَتَعٰلَی اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ ۝ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ
اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ
اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ
خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ (۹) وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝
فَالتّٰلِیٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ
الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ نِ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ
مَّارِدٍ ۝ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ
كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا
مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ
اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ
مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ (۱۰) هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ
الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا
یُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی
یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝
(۱۱) وَاَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

(۱۲) قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد (۱۳) قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق ومن شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد (۱۴) قل اعوذ برب الناس ملک الناس الہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس

حرزِ ابی دجانہ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیا جائے نہایت مجرّب ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ بسم اللہ ھذا کتاب من محمد رسول اللہ رب العالمین الی من طرق الدار من العمار والزوار والصالحین الا طارقا یطرق بخیر یا رحمن اما بعد فان لنا ولکم فی الحق سعۃ فان تک عاشقا مولعا او فاجرا مقتحما او راعیا حقا مبطلا ھذا کتاب اللہ ینطق علینا وعلیکم بالحق انا کنا نستنسخ ما کنتم تعملون اترکوا صاحب کتابی ھذا وانطلقوا الی عبدۃ الاوثان والاصنام والی من یزعم ان مع اللہ الھا آخر لا الہ الا ھو کل شیء ھالک الا وجھہ لہ الحکم والیہ ترجعون تغلبون حم لا تنصرون حم عسق تفرق اعداء اللہ وبلغت حجۃ اللہ ولا حول و

لا قوۃ الا باللہ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم ۔

آسیب کو گھر سے نکالنا

اگر آسیب کا اثر گھر میں معلوم ہو تو آیات ذیل پچیس ۲۵ بار چار کیلوں پر پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ انھم یکیدون کیدا واکید کیدا فمھل الکافرین امھلھم رویدا ۔

فتیلہ (فلیتہ) برائے جن

اس نقش کو مع نیچے کی عبارت کے تین تعویذ لکھیں اور اس کو اس طرح فلیتہ بنا لیں کہ دو کا ہندسہ نیچے رہے اور آٹھ کا ہندسہ اوپر رہے۔ پھر پاک روئی لپیٹ کر کورے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر مریض کے پاس اوپر کی طرف یعنی ہندسہ آٹھ کی طرف سے روشن کریں اول روز ایک فلیتہ جلا دیں پھر ایک دن ناغہ کر کے دوسرا۔ پھر ایک دن ناغہ کر کے تیسرا۔ نقش یہ ہے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

فرعون، قارون، ہامان، شداد، نمرود، ابلیس علیہم اللعنۃ واتباع ایشان اگر نہ گریزند سوختہ شوند

برائے دفع سحر

آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر پڑھ کر اس کو پلا دیں۔ اگر نہلانا مقصود ذکر ہو تو ان ہی آیات کو پانی پر پڑھ کر اس سے مریض کو نہلا دیں۔ بسم اللہ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ
اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ
اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ
الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَ
مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ
الْخَنَّاسِ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

برائے دفع مرگی آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈال دیا جاوے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ رَبِّ اَنِّىْ
مَسَّنِىَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝ رَبِّ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَ
اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ
وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

برائے اختلاج قلب آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ قلب پر پڑی رہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ
اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ وَرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِكُمْ
لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ
لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ۔

محبت زوجین اگر زوجین میں سے کسی کو دوسرے سے نفرت ہو اور محبت نہ ہو تو آیات ذیل کو لکھ کر محب اپنے پاس رکھے اور نمک یا مٹھائی پر پڑھ کر محبوب کو کھلا دیں۔ فلانہ کی جگہ

محبوب کا نام اور لفظ فلاں کی جگہ محب کا نام لکھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى
عَيْنِىْٓ اِذْ تَمْشِىْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ
فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا
فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ
وَيَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ قَلْبَ لِفُلَانَةَ
قَلْبَ فُلَانٍ بِالْخَيْرِ لِاَدَاءِ الْحُقُوْقِ يَا وَدُوْدُ حَبِّبْ حَبِّبْ
يَا وَدُوْدُ۔

پیشاب رک جانا یا پتھری ہو جانا کلمات ذیل کو لکھ کر ناف پر باندھ دیا جائے

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى
السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ
فِى الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ
الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ
عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ۔

انجاح حاجت تمام مشکلات کے حل کے لئے اسم یا لطیف بعد نماز عشاء گیارہ سو گیارہ مرتبہ
پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔

برائے دفع تپ و لرزہ ہر قسم نقش ذیل کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش یہ ہے

(اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
اللہ	الرحمن	الرحیم	بسم
الرحمن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمن

ایام ماہواری کی کمی اگر ایام ماہواری کی کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو آیاتِ ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَجَعَلْنَا فِیْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّ فَجَّرْنَا فِیْهَا مِنَ الْعُیُوْنِ لِیَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

ایام ماہواری کی زیادتی اگر کسی کو ایام ماہواری زیادہ آتے ہوں اور اس سے تکلیف ہو تو آیاتِ ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَ یٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝

تعویذ طحال یہ تعویذ اسی طرح کھلا رہے گا اور ایک نیلا کپڑا اس تعویذ سے دونا (دوگنا) لے کر دوہرا کر کے اس کے بیچ

میں یہ تعویذ ایسا ہی کھلا ہوا رکھا جاتے اس طرح ہے کہ جس جانب تعویذ میں بسم اللہ کے اعداد (۷۸۶) ہیں وہ کپڑے کے بند جانب میں رہے پھر کسی روز بعد نماز فجر نہار منہ مریض کو چت لٹا کر اور پہلوؤں کی برابر دونوں ہاتھ سیدھے رکھ کر بائیں ہتھیلی پر تعویذ مع کپڑے کے رکھ دیا جائے اس طرح کہ بند جانب جدھر بسم اللہ کے عدد ہیں انگلیوں کی طرف رہے پھر اس تعویذ اور کپڑے کے مجموعہ پر ایک کورے چھوٹے برتن میں ایک بہت چھوٹی سی چنگاری جس سے وہ برتن گرم نہ ہو جاوے رکھ کر مریض کے بائیں جانب ایک ہوشیار آدمی بیٹھے اور طحال کو انگلیوں سے دباتا ہوا کھسکاتا ہوا اصلی مقر تک لاوے یعنی بڑھے ہوئے حصہ کو دباتا ہوا کھسکاتا ہوا اس جگہ تک لادے جس جگہ تک تلی حالت صحت میں رہتی ہے۔ اسی طرح بار بار تقریباً بیس (۲۰) منٹ تک کرے بعض اوقات طحال میں سوزش ہونے لگتی ہے ایسے وقت چنگاری کے برتن کو ہٹا دیں پھر بعد سکون بدستور رکھ دیں پھر بیس (۲۰) منٹ کے بعد مریض سے کہا جاوے کہ وہ اٹھ کر پیشاب کر ڈالے۔ پھر ایک دن ناغہ کر کے پھر کریں۔ پھر ایک روز ناغہ کر کے تیسری بار کریں اور بس۔ نقش یہ ہے۔

تاپ تلی باز کولہ بروث ہرچہ درشکم باشد

آب شود

تاپ تلی

برائے افزائش شیر (دودھ) زن

اگر کسی عورت کے دودھ کی کمی ہو تو آیات ذیل کو ایک بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے کھانے میں ڈال کر عورت کھاوے اس کھانے میں سے اور سب بھی کھا دیں تو کچھ حرج نہیں ہے آیات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ؕ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

برائے افزائش شیر جانوراں

اگر کوئی گائے بھینس وغیرہ دودھ نہ دیتی ہو تو ایک آٹے کے پیڑے پر آیات ذیل پڑھ کر اس جانور کو کھلا دیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ سُبْحَانَ الَّذِىْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝

برائے تھنیلا

بعض اوقات عورتوں کے پستان میں بوجہ زیادتی دودھ وغیرہ درد اور دکھن ہوتی ہے تو اس دعا کو چھنی ہوئی راکھ پر یا مٹی پر سات بار اس طرح پڑھیں کہ ہر بار پڑھ کر اس راکھ یا مٹی میں تھوک دیں پھر پانی سے اسکو پتلا کر کے درد کی جگہ لیپ کریں اگر پھوڑے پھنسی وغیرہ پر لگایا جاوے تب بھی مفید ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا ۝

برائے عقیمہ (از قول الجمیل)

ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے۔ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا۔ پھر اس تعویز کو عورت کی گردن میں باندھے۔

برائے عقیمہ

چالیس لونگوں پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِىْ بَحْرٍ لُّجِّىٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ اور ایک لونگ کو ہر روز کھائے اور شروع کرے حیض کے غسل ہونے سے اور ان دنوں میں اس کا شوہر اس سے صحبت کرتا رہے اور شرط یہ ہے کہ لونگ رات کو کھاوے اس پر پانی نہ پیئے۔

برائے خنازیر

جس کی گردن میں کنٹھ مالا ہو تو تانت پر جو مریض کے قد کے برابر ہو اکتالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر یہ دُعا پڑھ کر پھونکے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَةِ اللّٰهِ وَ قُوَّةِ اللّٰهِ وَعَظَمَتِ اللّٰهِ وَبُرْهَانِ اللّٰهِ وَ سُلْطَانِ اللّٰهِ وَكَنَفِ اللّٰهِ وَجَوَارِ اللّٰهِ وَ اَمَانِ اللّٰهِ وَحِرْزِ اللّٰهِ وَ صُنْعِ اللّٰهِ وَ كِبْرِيَاءِ اللّٰهِ وَنَظَرِ اللّٰهِ وَ بَهَاءِ اللّٰهِ وَجَلَالِ اللّٰهِ وَكَمَالِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ۔ پھر مریض کے گلے میں ڈال دے۔

عملیات حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق محدث دار العلوم

تعویذ جواہر الاکسیر

۴۴۷	۴۵۰	۴۵۳	۴۴۰
۴۵۲	۴۴۱	۴۴۶	۴۵۱
۴۴۲	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۵
۴۴۹	۴۴۴	۴۴۳	۴۵۴

مندرجہ بالا تعویذ مختلف مقاصد کے لئے ہے، اگر کوئی مریض ہو تو ایک تعویذ سات کنوؤں کے پانی سے دھو کر سات یوم پلانے کے لئے دیا جائے اور ایک تعویذ گلے میں باندھنے کے لئے اور اگر مرض طویل ہے تو اکیس روز پلانے کے لئے تین تعویذ دیئے جاتے ہیں۔

اُمّ الصبیان، اختلاج قلب اور تپ دق کی صورت میں تعویذ پر تین عدد موتی مروارید ناسفتہ رکھ کر تعویذ کو روئی میں لپیٹیں بعد ازاں کپڑے میں سی کر گلے میں ڈال دیں سات روز پینے کے لئے صرف ایک تعویذ زعفران یا سیاہی سے لکھ کر دیں یا اکیس ۲۱ روز پلانے کے لئے تین تعویذ دیں۔

ہر قسم کی بواسیر کے لئے یہ تعویذ ہرن کی سفید اور کاغذ کی طرح باریک جھلی پر لکھ کر جمعرات کے دن دائیں بازو پر باندھیں۔ دوسری جمعرات کو دائیں بازو سے کھول کر بائیں بازو پر باندھیں۔ یہ عمل سات جمعرات تک کیا جائے گا۔

ساتویں جمعرات کو تعویذ داہنے بازو پر آجائے گا اس کے بعد نہ بدلا جائے اور بندھا رہنے دیں۔

یہ تعویذ جب کسی مرض کے لئے دیا جائے تو اس کے نیچے "تحفظہ و تشفیہ من الاسقام" تحریر کر دیں۔ اس تعویذ کو اگر حُب کے لئے دیا جائے تو تعویذ کے نیچے اس طرح تحریر کریں۔

اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ (قلب کے بعد مطلوب کا نام لکھیں) ـــــ عَلٰی حُبِّ ـــــ (یہاں طالب کا نام لکھیں) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ الْاَبْصَارِ

اگر یہ تعویذ فتح مقدمہ یا حصول ملازمت کے لئے ہو تو پانی کے کنارے کھڑے ہو کر دوشنبہ (پیر) یا جمعرات کے روز یہی تعویذ سبز کپڑے میں سی کر دائیں بازو پر باندھیں اور آٹے کی سات گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دیں۔ جب اس مقصد سے تعویذ لکھا جائے تو اس کے نیچے یہ عبارت تحریر کر دیں۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ ـــــ (یہاں اس شخص کا نام تحریر کریں) وَ عَزِّزْہُ وَارْزُقْہُ وَکُنْ لَہٗ نَصِیْرًا۔

استقرار حمل کے لئے یہ تعویذ زعفران سے لکھ کر ناف پر لٹکایا جائے۔

تعویذ برائے بخار و اختلاج قلب وغیرہ

۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

بخار کے لئے یہ تعویذ گلے میں باندھیں اور دھو کر پینے کے لئے دیں اور اگر اختلاج قلب

یا ہول دل کے لئے ہے تو گلے میں باندھیں۔ کسی بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے اس تعویذ کے نیچے مفرور اور اس کی والدہ کا نام تحریر کریں اور سُرخ کپڑے میں سی کر گرم جگہ (مثلاً چولہے یا تنور کے نیچے) دفن کریں۔

برائے ادائے قرض

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ۔ مندرجہ بالا دُعا اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ روزانہ ایک سو ستر مرتبہ پڑھی جائے۔

برائے قوّت حافظہ و ذکاوت

مندرجہ ذیل آیت زعفران سے چینی کی تشتری پر تحریر کریں اور جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَکَذٰلِکَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ جَعَلْنٰہُ نُوْرًا نَّھْدِیْ بِہٖ مَنْ نَّشَآءُ۔

برائے اضافہ شیر (دودھ میں اضافہ کیلئے)

دودھ میں اضافہ کیلئے زیرۂ سفید پر چالیس مرتبہ سورۂ کوثر اور چالیس مرتبہ "یَا رَزَّاقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ" پڑھ کر دم کر دیں اور عورت کو کھانے کے لئے دیں

ساتویں جمعرات کو تعویذ داہنے بازو پر آجائے گا اس کے بعد نہ بدلا جائے اور بندھا رہنے دیں۔

یہ تعویذ جب کسی مرض کے لئے دیا جائے تو اس کے نیچے "تحفظہ و تشفیہ من الاسقام" تحریر کر دیں۔ اس تعویذ کو اگر حُب کے لئے دیا جائے تو تعویذ کے نیچے اس طرح تحریر کریں۔

اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ (قَلِّبْ کے بعد مطلوب کا نام لکھیں) ــــ۔ عَلٰی حُبِّ ــــــــ (یہاں طالب کا نام لکھیں) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ

اگر یہ تعویذ فتح مقدمہ یا حصول ملازمت کے لئے ہو تو پانی کے کنارے کھڑے ہو کر دوشنبہ (پیر) یا جمعرات کے روز یہی تعویذ سبز کپڑے میں سی کر دائیں بازو پر باندھیں اور آٹے کی سات گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دیں۔ جب اس مقصد سے تعویذ لکھا جائے تو اس کے نیچے یہ عبارت تحریر کر دیں۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ ــــــــ (یہاں اس شخص کا نام تحریر کریں) وَعَزِّزْهُ وارزقہ وکن لہ نصیرًا۔

استقرار حمل کے لئے یہ تعویذ زعفران سے لکھ کر ناف پر لٹکایا جائے۔

تعویذ برائے بخار و اختلاج قلب وغیرہ

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

بخار کے لئے یہ تعویذ گلے میں باندھیں اور دھو کر پینے کے لئے دیں اور اگر اختلاج قلب

یا ہول دل کے لئے ہے تو گلے میں باندھیں۔ کسی بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے اس تعویذ کے نیچے مفرور اور اس کی والدہ کا نام تحریر کریں اور سُرخ کپڑے میں سی کر گرم جگہ (مثلاً چولہے یا تنور کے نیچے) دفن کریں۔

برائے ادائے قرض

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ۔ مندرجہ بالا دعا اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ روزانہ ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ پڑھی جائے۔

برائے قوتِ حافظہ و ذکاوت

مندرجہ ذیل آیت زعفران سے چینی کی تشتری پر تحریر کریں اور جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِیْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ۔

برائے اضافہ شیر (دودھ میں اضافہ کیلئے)

دودھ میں اضافہ کیلئے زیرۂ سفید پر چالیس مرتبہ سورۂ کوثر اور چالیس مرتبہ "یَا رَزَّاقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ" پڑھ کر دم کر دیں اور عورت کو کھانے کے لئے دیں۔

تعویذ برائے افزائش رزق و مشاہرہ

٧٨٦

١١٤	٩٤	١٢٢
١١٨	١١٠	١٠٢
٩٨	١٢٦	١٠٦

مندرجہ بالا تعویذ دائیں بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور ترقی ہوگی۔

برائے دفع آسیب (معمولی)

ایک تعویز باندھیں اور ایک تعویذ کو چراغ میں بطور فلیتہ روشن کریں۔

٧٨٦

ح ٨	و ٦	د ٤	ب ٢
ب ٢	د ٤	و ٦	ح ٨
و ٦	ح ٨	ب ٢	د ٤
د ٤	ب ٢	ح ٨	و ٦

برائے دردِ سر

٧٨٦

	١٦	١١	١٨
ھھھھھھھ	١٧	١٥	١٣
ععععععع	١٢	١٩	١٤
وھمص ※			

یہ تعویذ سر میں باندھا جائے۔

برائے حفاظت حمل

اگر اسقاطِ حمل کا اندیشہ ہو تو یہ تعویذ حاملہ کی ناف پر باندھا جائے

٧٨٦

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

عملیات

حضرت مولانا محمد یٰسین صاحب مدرس دارالعلوم دیوبند

عمل برائے دفع سحر (عطیہ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی رح)

آیاتِ ذیل کو سات کنوؤں کا پانی جمع کر کے اس پر گیارہ مرتبہ پڑھا جائے اور سات کنوؤں کا پانی جمع کرنا مشکل ہو تو ایک سہی تازہ پانی پر پڑھ لیں۔ اس پانی سے مریض کو غسل دیا جائے گیارہ روز تک یہ عمل بلاناغہ کریں۔ آیاتِ سحر یہ ہیں۔

سورۂ یونس کی دو آیتیں۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (۸۱) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (۸۲)

سورہ اعراف کی چار آیات۔ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (۱۱۸) فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ (۱۱۹) وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ (۱۲۰) قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ (۱۲۱)

ایک آیت سورہ طٰہٰ۔ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى (۶۹)

برائے دفع آسیب از مکان

تین روز تک سورہ بقرہ پوری ختم کی جائے انشاء اللہ آسیب

دفع ہو جائے گا۔

برائے دفع آسیب (اجازت از حضرت مولانا گنگوہی)

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر کچھ دیر تک مریض کو دکھلاتے رہیں اس کے بعد گلے میں ڈال دیں۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

آسیب یا سحر وغیرہ کے معلوم کرنے کا طریقہ

نیلا دھاگہ سوت کا سات تار مریض کے قد کے برابر لے کر اس پر سات مرتبہ یہ آیت قبل از مغرب پڑھے:-

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ۔ یہ نیلا ڈورا رات کو مریض کے سرہانے یا تکیہ کے نیچے رکھا جائے صبح پھر ناپا جائے اگر بڑھ جائے تو آسیب کی علامت گھٹ جائے تو سحر کی اور برابر رہے تو عام مرض ہے۔

وسعتِ رزق اور ادائے قرض کیلئے

بعد نماز عشاء کسی متعین جگہ تنہا بیٹھ کر اسم یَا وَهَّابُ چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) مرتبہ اور اس کے بعد سو مرتبہ یہ دعا پڑھے یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ بعض بزرگوں نے اس عمل کو کیمیائے دولت فرمایا ہے بہت مجرب ہے۔

وسعتِ رزق کے لئے صبح کی نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

(سورۂ شوریٰ)

دیگر برائے کشائش رزق سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ آخر تک پوری سورت صبح کی نماز کے بعد اکیس ۲۱ مرتبہ اور اتنی ہی مرتبہ درود شریف پھر نماز ظہر کے بعد بائیس ۲۲ مرتبہ یہ سورت اور بائیس ۲۲ ہی مرتبہ درود شریف پھر عصر کی نماز کے بعد تیئس ۲۳ مرتبہ یہ سورت تیئس ۲۳ مرتبہ درود شریف پھر مغرب کی نماز کے بعد چوبیس ۲۴ مرتبہ یہ سورت اور چوبیس ۲۴ مرتبہ درود شریف اور عشاء کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ یہ سورت اور پچیس ۲۵ مرتبہ درود شریف۔ یہی معمول پورا کریں۔ (روزانہ پڑھیں ان شاء اللہ العزیز کامیابی ہوگی)

برائے کشائش رزق (از حضرت گنگوہی) کوئی وقت معین کر کے ہر روز اسی وقت گیارہ سو مرتبہ (۱۱۰۰) یَا بَاسِطُ۔ پابندی سے پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

برائے رزق وغنا ظاہری و باطنی (از حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح) سورۂ مزمل گیارہ مرتبہ روزانہ ایک معین وقت

میں یا ہر نماز کے بعد دو۲ مرتبہ اور عشاء کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے اور گیارہ ۱۱ سو مرتبہ یَا مُغْنِیْ۔

کشائش رزق کے لئے طلوع صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ، سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔

برائے ادائے قرض اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔ ہر روز ستر مرتبہ پڑھا کرے۔

دیگر کشائشِ رزق کیلئے صبح کی سنت اور فرض کے درمیان سو ۱۰۰ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ کا پڑھنا مجرب ہے۔

وساوس کا علاج خاتم (نقش) امام غزالی رح، تانبے یا پیتل یا رانگ کی تختی پر لکھ کر اس کے گرد آیۃ الکرسی اور یہ آیت لکھیں۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ۔ اس تختی کو صبح نہار منہ پانی سے دھو کر تین روز تک پیئیں پانی زمزم کا ہو تو بہتر ہے۔ خاتم غزالی رح یہ ہے۔

د	ط	ب
ج	ہ	ز
ح	ا	و

دیگر برائے قطع وساوس

یا اللہ الرقیب الحفیظ الرحیم یا اللہ الحی الحلیم العظیم الرؤف الکریم یا اللہ الحی القیوم القائم علی کل نفس بما کسبت حُل بینی وبین عدوی۔ یہ دعا روزانہ کسی وقت پڑھا کریں۔

برائے دفع وساوس

(منقول از حضرت مولانا گنگوہیؒ)

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بکثرت پڑھا کرے۔ نیز موت اور حشر ونشر کا تصور ومراقبہ بھی قطع وساوس کے لئے مجرب ہے (ارشاد حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ)

برائے ہر مہم وحاجت

یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع۔ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ بارہ ۱۲ روز تک پڑھے۔

مقصد میں کامیابی کے لئے

(عطیہ از شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ)

چار رکعت نفل پڑھ کر یا حی یا قیوم لا الٰہ الا انت برحمتک استغیث۔ تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ اور اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر بالحاح وزاری مقصد کے لئے دعا کریں۔

تمام حوائج ومصائب کے لئے

(عمل حضرت حاجی صاحب مہاجر مکی بروایت مولانا پھولپوریؒ)

تین سو اکتالیس ۳۴۱ مرتبہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر۔ ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے پڑھے۔

برائے حاجت برآری از حکام

آیت۔ سلام قولا من رب الرحیم۔ کو چند بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کریں پھر سر کے بالوں سے پیشانی پر پرہ بینی تک اس انگلی سے خط کھینچ کر جس کے سامنے جائے انشاء اللہ وہ اس کی حاجت پوری کرے گا۔

مقدمہ میں فتح اور دشمنوں سے حفاظت کیلئے

(حضرت مولانا گنگوہیؒ)

حسبنا اللہ نعم الوکیل۔ بکثرت پڑھنا مجرب ہے۔ اس کا ورد بنائے رکھے جتنا زیادہ پڑھ سکے بہتر ہے۔

مہم عظیم کے لئے عمل مجرب

(اجازت از حکیم عبدالوہاب انصاریؒ)

سورۂ یٰسین مہینہ کے پہلے یکشنبہ کے روز بعد نماز صبح طلوع آفتاب سے پہلے اس طرح پڑھے کہ جب اس سورت میں پہلے کلمہ مُبین پر پہونچے تو پھر ازسرنو سورت شروع کرے اور جب دوسرے مُبین پر پہونچے تو پھر ازسرنو پڑھے پھر جب تیسرے مُبین پر پہونچے تو ازسرنو شروع کرے اس سورت میں سات مرتبہ لفظ مبین آیا ہے اس طرح سات مرتبہ یہ سورت پڑھی جاتے اور عمل کو طلوع آفتاب سے پہلے ختم کیا جائے۔ کم از کم سات روز یہ عمل بلاناغہ جاری رکھے۔

نماز قضاء حاجات وحل مشکلات

چار رکعت کی نیت کرکے نماز شروع کرے

پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ سو۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے دوسری رکعت میں الحمد کے بعد اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ سو۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ تیسری رکعت میں الحمد کے بعد سو۱۰۰ مرتبہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سو۱۰۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھ کر نماز پوری کرے بعد نماز کے سجدہ میں سر رکھ کر سو۱۰۰ مرتبہ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے پھر اپنی حاجت وضرورت لئے دُعا مانگے۔

بلا ومصیبت سے نجات کیلئے لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ الخ ستر مرتبہ اور یَا سَلَامُ سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔

برائے دفع شر اعداء بعد مغرب اکتالیس ۴۱ مرتبہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ پڑھا کریں۔ اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ دفع شر اعداء کے لئے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ بکثرت پڑھے۔ کوئی تعداد معین نہیں۔

برائے منظوری درخواست وعرضی لکھی ہوئی درخواست پر بغیر روشنائی کے خالی انگلی سے یہ کلمات لکھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ ان اللہ وعد الصابرین نصرًا و من توکل علیہ یسرا۔ کلا

ان کتاب الابرار لفی علیین۔

برائے تسخیر وحاجت برآری کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیْتُ۔ اس طرح پڑھے کہ کٓھٰیٰعٓصٓ کے ہر حرف پر داہنے ہاتھ کی انگلیاں بند کرتا چلا جائے۔ پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِیْتُ کو اسی طرح پڑھے حمعسق کے ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرنا ہے۔ پھر اسی طرح دونوں ہاتھ کی انگلیاں بند رکھے جس شخص سے حاجت متعلق ہو اس کے سامنے جا کر انگلیاں کھول دے۔

برائے تسخیر (عطیہ از مولانا گنگوہی قدس سرہٗ) یَا عَزِیْزُ۔ کی کثرت کرے کوئی تعداد مقرر نہیں شوہر کیلئے حاکم کے لئے بہت آزمودہ ہے۔

ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل کرنے کیلئے
(عطیہ حکیم عبدالوہاب انصاری رح)

دن رات میں کوئی فارغ وقت مقرر کرکے سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرے اور اپنے ظالم دشمن کا تصور کرکے انگشت شہادت سے اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کرے۔ یہ عمل ایک جلسہ میں تین مرتبہ کرکے اٹھ جائے۔ اگلے روز اسی وقت پھر یہی عمل کرے چند روز تک مسلسل یہ عمل کرتا رہے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی۔

●

نقش برائے مقہوری اعداء

(عطیہ شاہ عبد الغنی پھول پوری رح)

ذیل کا نقش زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھا جائے۔

ر	ھ	ا	ق
ا	ق	ر	ھ
ق	ا	ھ	ر
ر	ھ	ق	ا

نقش برائے ہر مرض (حضرت مولانا گنگوہیؒ و مولانا رفیع الدین صاحبؒ)

۲ + + ۱۱۱۱ ھ ۶

۱۱۱۵

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں

آیات الشفاء برائے ہر مرض

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۔ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۔ وَيَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ

فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ. قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ ۔

ان آیات کو پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں یا لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بچّے کے غیر معمولی رونے کا علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ ۔

لکھ کر بچّے کے گلے میں ڈال دیں۔

جو بچّہ ماں کا دودھ نہ پیئے اس کا علاج

یہ آیت لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (سورۂ آل عمران پ۳ ع ۲) اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

برائے گریہ طفل

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ۝ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ۝ وَاَنْتُمْ سَامِدُوْنَ ۝ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا (سورۂ نجم پ۲۷ ع ۳) اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۝ (سورۃ الفرقان پ۱۹ ع ۳) (جو بچہ غیر معمولی طور پر روتا ہو اس کیلئے یہ دعاء ایک کاغذ پر لکھ کر گلے میں موم جامہ کرکے باندھی جائے)

برائے دروزہ وسہولت پیدائش

مندرجہ ذیل آیات و اسماء چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی میں دھولیا جائے یہ پانی عورت کو پلائیں اور اس کے پیٹ پر بھی لگائیں۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (سورۃ الانشقاق پ ۳۰ ع ۱) یَوْمَ یَرَوْنَهَا لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِیَّةً اَوْ ضُحٰهَا (نازعات پ ۳۰ ع ۲) لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ (پ ۲۶ ع ۴) لَقَدْ كَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ (سورۃ یوسف پ ۱۳ ع ۶) وَلٰكِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَتَفْصِیْلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ (سورۃ یوسف پ ۱۳ ع ۶)

ایضاً برائے سہولت ولادت

مندرجہ ذیل دُعا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھولیں یہ پانی عورت کو پلایا جائے اور ہاتھ پر لگا کر عورت کے پیٹ پر بھی لگائیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْكَرِیْمُ كَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَا لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ (پ ۲۶ ع ۴)

برائے اولاد

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو چالیس روز تک دو بیضہ مرغ کے ہر روز پانی میں اُبال کر چھلکا اُتار کر

ایک بیضہ پر یہ آیت لکھے۔ وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ (پ ۲۷ ع ۲) یہ بیضہ مرد کو کھلایا جائے اور دوسرے بیضہ پر یہ آیت لکھے۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ (پ ۲۷ ع ۲) یہ بیضہ عورت کو کھلایا جائے چالیس روز یہ عمل مسلسل کیا جائے۔

اولاد نرینہ کے لئے

جس عورت کے لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں لڑکا نہ ہو جب حمل تین مہینہ کا ہو جائے۔ اس وقت یہ آیت کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ کے بائیں جانب باندھے انشاءاللہ اولاد نرینہ ہو گی۔ آیت یہ ہے۔

لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا (پ ۲۹ دہر)

برائے اولاد نرینہ

جب حمل پر تین ماہ گزر جائیں تو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران و گلاب سے یہ آیتیں لکھیں اور اس کو عورت کے گلے یا بازو وغیرہ پر باندھیں

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ۝ (سورۃ الرعد پ ۱۳ ع ۸) اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨاسْمُهٗ یَحْیٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ۝ (سورۃ مریم پ ۱۹ ع ۲) بحق یحییٰ و مریم و عیسیٰ اعطنا ابنا صالحا طویل العمر بحق سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ۔

برائے انعقاد حمل

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یہ نقش لکھ کر اس کی ران پر باندھا جائے۔

ع	ع	ع	ع
وا	وا	وا	وا
۹	۹	۹	۹
۷	۷	۷	۷

حفاظت حمل از ام الصبیان

سورۃ والشمس و ضحٰھا اکتالیس مرتبہ ہر مرتبہ مع درود شریف و بسم اللہ کے پڑھے اور اجوائن و سیاہ مرچ دم کرکے اور چند دانے اجوائن کے اور دو تین دانے سیاہ مرچ کے حاملہ کو کھلاتے جائیں اور بچہ پیدا ہونے کے بعد بھی بچے کا دودھ چھوٹنے تک یہ سلسلہ جاری رکھے (از ملفوظات حضرت حکیم الامت تھانویؒ)

برائے اصلاح بین الزوجین

آیت۔ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ۔ سات سو مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کریں جس کو کھلائیں اُن کے درمیان محبت و اتفاق ہو جائے گا۔

برائے اصلاح بین الزوجین

آیت۔ وَتَاْکُلُوْنَ التُّرَاثَ اَکْلًا لَّمًّا وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا۔ کو سات مرتبہ کسی کھانے پر پڑھ کر جس کو کھلایا جائے اُن دونوں میں محبت و اتفاق ہو جائے گا۔

دفع متلی و قے و اضطراب قلب

مندرجہ ذیل کلمات زبان سے کہے ان شاء اللہ تکلیف

دور ہو جائے گی۔ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وسلم بیٹے عبد اللہ کے عبد اللہ بیٹے ہاشم کے ہاشم بیٹے عبد مناف کے۔

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

اسماء الٰہیہ میں سے یہ چودہ نام لکھ کر گلے میں باندھ لے خواب اور نیند میں بکواس اور بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی وہ نام یہ ہیں۔ اَلْغَفَّارُ۔ اَلْوَھَّابُ۔ اَلْقَھَّارُ۔ اَلْفَتَّاحُ۔ اَلْقُدُّوْسُ۔ اَلرَّحْمٰنُ۔ اَلرَّحِیْمُ۔ اَلشَّھِیْدُ۔ اَلصَّمَدُ۔ اَلْمَلِکُ۔ اَلْعَظِیْمُ۔ اَلْکَرِیْمُ۔ اَلْاَکْرَمُ۔

برائے شے گم شدہ

جس وقت گم ہونے کی خبر ملے فوراً بلا تاخیر اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ گیارہ مرتبہ پڑھ لے ان شاء اللہ گم شدہ چیز مل جائے گی۔ مجرب ہے۔

برائے گمشدہ یا گریختہ

سورہ والضحٰی بتمامہ (مکمل) ایک کاغذ پر لکھیں اس کے چاروں گوشوں پر خلفاء راشدین کے نام لکھے اس تعویذ کو چرخہ پر باندھ کر اُلٹا پھرائے اس طرح اکیس مرتبہ اُلٹا پھرائے اور اکتالیس روز تک یہ عمل جاری رکھے۔

ایضاً برائے گمشدہ شے یا شخص

یَا حَفِیْظُ ایک سو نوے مرتبہ پڑھے اس کے بعد۔ یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ۔ بھی ایک سو نوے مرتبہ پڑھے۔

گمشدہ کیلئے

یہ دُعا بکثرت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز یا شخص واپس آجائے گا۔ اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّآلَّةِ وَھَادِیَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَھْدِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ بِقُدْرَتِکَ وَسُلْطَانِکَ۔

قوّتِ حافظہ اور دفع نسیان کیلئے

تفسیر ابن کثیر ص ۲۸۱ ج ۱ میں حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے روایت کی ہے کہ آیۃ الکرسی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر زعفران سے لکھ کر چاٹنا اور سات مرتبہ لکھ لکھ کر چاٹنے کا عمل کرنا نافع اور مفید ہے۔

برائے تحصیل علم اور امتحان طلبہ

یَا عَلِیْمُ تَعَلَّمْتُ بِالْعِلْمِ وَالْعِلْمُ فِیْ عِلْمِ عِلْمِکَ یَا عَلِیْمُ۔ اس دُعا کو صبح کی نماز کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ باقی نمازوں کے بعد تین تین مرتبہ پڑھا کریں۔

ایضاً امتحان کی کامیابی کے لئے

بعد نماز صبح سَو مرتبہ آیت کریمہ۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ پابندی سے پڑھا کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

حمل اور بارآور درخت کے پھل کی حفاظت کیلئے

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا (پ ۲۲ سورۂ فاطر)

وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (انعام - ۱۳)

وَلَبِثُوْا فِیْ کَھْفِھِمْ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(حاملہ کے گلے میں لکھ کر باندھے اور اسی طرح درخت کی شاخ پر باندھے

دودھ دینے والے جانور کو نظر بد لگنے کا علاج

(از حکیم عبدالوہاب انصاری رحؒ)

جو جانور نظر بد لگنے سے دودھ دینا بند یا کم کردے اس کے لئے گوندھا ہوا آٹا خمیر کر کے اس میں نمک ڈال کر آیت ذیل اس پر دم کر کے جانور کو کھلائیں انشاء اللہ نظر بد دور ہوگی آیات یہ ہیں۔

وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً، نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ۔ (پ ۱۴ ع ۱۴)

نظر بد کا دفعیہ

جس انسان یا جانور یا درخت کھیت وغیرہ کو کسی کی نظر بد لگی ہو اس پر تین مرتبہ پڑھے۔ مَاشَآءَ اللّٰہُ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

برائے درد ہر قسم

درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر گیارہ سو مرتبہ یہ دُعا پڑھے: اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

بچھو کاٹنے کا علاج

إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّ أَكِيدُ كَيْدًا ۔ درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر یہ دُعا تین مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور ہاتھ ہٹالیں پھر اسی طرح چند بار کریں۔

زہر خوردہ کا علاج

جس شخص نے کوئی زہر کھالیا ہو۔ اس کو مندرجہ ذیل نقش اور دُعا لکھ کر پانی سے گھول کر پلادیں ان شاء اللہ زہر اثر نہ کرے گا۔ نقش یہ ہے۔

طه	طه	طه	طه
طه	طه	طه	طه
طه	طه	طه	طه
طه	طه	طه	طه

وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنين ولا يزيد الظالمين الا خسارًا

برائے اختلاج قلب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ الذین آمنو و تطمئن قلوبھم بذکر اللہ۔ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب وربطنا علی قلوبھم لولا ان ربطنا علی قلبھا لتکون من المؤمنین۔ ولیربط علی قلوبھم

یہ آیات کاغذ پر لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ قلب پر رہے یا کرتہ وغیرہ میں اس جگہ ٹانک لگالیں۔

سگِ دیوانہ کے کاٹنے کا علاج

آیت ۔ إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّ أَكِيدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۔ کو روٹی کے اوپر لکھ کر مریض کو کھلادیں۔ اکتالیس روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

عملیات حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمن صاحب عثمانی قدس سرہٗ

سابق مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند

برائے دردسر

۷۸۶

هو	هو
هو	هو

اس تعویذ کو کپڑے میں لپیٹ کر سر پر باندھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد فوراً موقوف ہو گا۔

برائے تپ ولرزہ

ططط ططط ططط

عـــــــــــــــــــــــــــــہ

مذکورہ نقش مریض کے گلے میں باندھیں جس وقت سردی سے بخار شروع ہو۔ اس وقت ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں اور جب لرزہ پوری شدت پر پہونچ جائے اس وقت دوسرا تعویذ گھول کر پلادیں۔ تیسرا تعویذ لرزہ ختم ہونے کے بعد پلایا جائے پھر دوسرے روز اسی طرح تین تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ اول تو ان شاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں چڑھے گا لیکن اگر بخار کی نوبت آئے تو تینوں تعویذ حسب ترکیب گھول کر پلادیں اس طرح تین روز عمل کریں ان شاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی روز کامیابی ہو گی۔ اگر اول دن ہی

بخار سے نجات مل جائے تو تعویذوں کو گلے میں بندھا رہنے دیں بعد ازاں ان کو کسی جنگل کے کنوئیں یا دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔

برائے حل مشکلات وتسخیر حکام وفراخی رزق

نقش اَللّٰہُ الصَّمَد

۱	۱۸۰	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۷۹
۶	۹	۱۸۲	۳
۱۸۱	۴	۵	۱۰

اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سوا لاکھ مرتبہ یہ نقش لکھ کر گولیاں بنائیں اور دریا میں بہا دیں پہلے تخمینہ کرلیں کہ مذکورہ تعداد کتنے دنوں میں پوری ہو گی بعد ازاں اس کے مطابق روزانہ لکھا کریں کمی بیشی نہ ہو پہلے دن جتنے نقش لکھے جائیں ان میں سے صرف ایک کے اوپر ”اَللّٰہُ الصَّمَد“ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے باقی نقوش دریا میں بہا دیئے جائیں، دوسرے روز جو نقوش لکھے جائیں ان میں سے ایک پر ”اللہ الصمد“ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے اور دیگر تمام نقوش جن پر ”اللہ الصمد“ نہیں لکھا گیا ہے اور سابق دن کا وہ نقش جس پر ”اَللّٰہُ الصَّمَد“ لکھا تھا سب کو دریا میں بہا دے اسی طرح ہر روز کرے یہاں تک کہ تعداد مطلوب پوری ہو جائے۔

برائے حل مشکلات اور فراخی رزق اور تسخیر حکام

۷۸۶

۱۹	۲۶	۲۱
۲۴	۲۲	۲۰
۲۳	۱۸	۲۵

ترکیب زکوٰۃ یہ ہے کہ جب چاند کی پہلی تاریخ چہارشنبہ کو واقع ہو تو اول روز ایک نقش لکھے اور دوسرے روز دو اور تیسرے روز تین علیٰ ھذا ہر روز ایک نقش بڑھاتا جائے یہاں تک کہ چھیاسٹھ تک پہونچ جائے تو بعد ازاں ہر روز ایک نقش کم کرنا شروع کردے اور جب نوبت ایک پر آجائے روزانہ ایک نقش پابندی سے لکھا کرے اگر ہوسکے تو لکھے ہوئے نقوش کو روزانہ ورنہ سات آٹھ روز کے بعد دریا میں بہادیا کرے۔ روزانہ ایک نقش لکھنا ضروری ہے۔ اگر ناغہ ہوگیا تو ازسرِنو زکوٰۃ کی ادائیگی ضروری ہوگی۔

عملیات

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہٗ

گنڈہ برائے آسیب زدہ

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت کچا ڈیڑھ گز لمبا لے کر اکتالیس بار آیت ذیل پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر اس کے اندر دم کرکے بند کردیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۔ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا۔

گنڈہ برائے سہولتِ دندان

سات تار کا بارہ گرہ لمبا کچا سوت نیلا یا سیاہ لے کر سورت اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَھَا ۙ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَھَا ۙ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَھَا ۚ یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَھَا ۙ بِاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَھَا ۭ یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ڏ لِّیُرَوْا اَعْمَالَھُمْ ۭ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَہٗ ۭ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَہٗ ۔ سات بار پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر حسب معمول دم کردیں پھر ہر گرہ پر جدھر ختم کرکے گرہ لگائی ہے اس کے اوپر سے اِذَا السَّمَاۗءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ ۙ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ وَاَلْقَتْ مَا فِیْھَا وَتَخَلَّتْ ۔ ایک ایک بار دم کرتے چلے جائیں پھر ایک ایک بار اس طرح سے جہاں اب ختم کیا ہے۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ڏ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۔ دم کرتے

ہوتے چلے آئیں ۔

گنڈہ برائے حفاظت حمل

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لے کر سورہ یٰسین پوری پڑھیں اور ہر مبین پر ایک گرہ لگا کر دم کر دیں پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں۔ کل سات گرہ ہوں گی، حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ ۔

جھاڑ برائے اورسا جس کو میٹھا اور پسلی چلنا بھی کہتے ہیں

چاقو سے پاک زمین پر سات لکیریں اس طرح ||||||| کھینچ کر اور بچہ کا پیٹ اپنی طرف کرکے کپڑا اٹھا کر دائیں ہاتھ میں چاقو لے کر بچہ کے پیٹ کی طرف سے اشارہ کرکے ان لکیروں پر لاتا رہے اور سات بار یہ آیت پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝ اور بچہ کے پیٹ اور سینہ پر دم کرے اور کبھی کبھی چاقو کو آہستہ سے اس پسلی کو چھوتا ہوا جو چل رہی ہے اور اور پیٹ کو چھوتا ہوا زمین پر لاوے سات دفعہ دعا پڑھ کر ایک لکیر سے کاٹتا رہے جس کی شکل یہ ہے ←

جب سات لکیریں ہو جائیں پس دم کرکے بچہ کو اٹھا دیا جائے اور بچہ کو پیشاب کرا دیں صبح اور شام تین روز تک جھاڑا جائے۔ بِاِذْنِ اللّٰہِ مرض دفع ہو جاوے گا۔

برائے دورہ کیٹر

جب بچہ کو مسان کا دورہ پڑ رہا ہو تو سات بار الحمد پوری

اور سات بار سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ پوری اور سات بار درود شریف نماز والا پڑھ کر دم کرے اور پڑھتے ہوئے دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت کو سینہ اور پیٹ پر پھیرتا رہے ۔

گنڈہ برائے بواسیر خونی

کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس ۲۱ تارے کر سورہ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَہَبٍ پوری اکیس ۲۱ بار پڑھ کر گرہ لگاتا اور دم کرتا رہے پھر الٹی طرف سے ہر گرہ پر لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔ ایک بار دم کردے پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝ دم کرتا چلا جائے اور بواسیر والے کی کمر پر باندھ دیا جائے۔ باذن اللہ بہت جلد آرام ہو جائے گا۔

برائے حفاظت از مار و کژدم وغیرہ جانوران موذیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ گیارہ بار صبح اور شام اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھا جاوے۔ اعتقاد کامل ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ

ایضاً برائے حفاظت جانوران موذیہ

لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط تین بار صبح و شام پڑھا جائے۔

ازالۂ سحر

سات پتے بیری کے لیکر ان کو پیسیں اور سات کنوؤں یا نلوں کا پانی لے اور اس میں گھول لیں اس پانی پر اکیس ٢١ اکیس ٢١ مرتبہ آیۃ الکرسی، سورہ الفلق اور سورہ الناس پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور اس پانی کے تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور بقیہ سے مریض کو غسل دیں غسل کا پانی ایسی جگہ گھر سے باہر دفن کر دیں جہاں ناپاکی (پیشاب پاخانہ) نہ کرتے ہوں۔ یہ عمل چودہ ١٤ دن کیا جائے انشاءاللہ مکمل افاقہ ہوگا غسل صبح کو قبل زوال کیا جائے۔

عملیات حضرت مولانا شاہ عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تعویذ برائے چیچک

اس تعویذ کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے اور سوا روپیہ تعویذ لینے والا خیرات کرے۔

یا حافظ		یا حفیظ
	محمد محمد محمد محمد	
اللہ شافی		اللہ کافی

تعویذ برائے حفاظت از ہیضہ

اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھ دے اور تعویذ باندھنے والے کی طرف سے سوا روپیہ خیرات کرے۔

تعویذ یہ ہے :-

الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر اولیا و لد حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہما از شر بلائے وبا نگہدار اللہ شافی اللہ شافی

تعویذ برائے حفاظت اطفال

اس سے بچے ہر بلا سے محفوظ رہیں گے۔ اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈال دے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے حفاظت میں.

رکھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات کلہا من
شر ما خلق بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و
رب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیءٌ فی الارض و
لا فی السماء وھو السمیع العلیم۔

عملیات و تعویذات

حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

مایوس العلاج مریض اور تپ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کیلئے مفید عمل

ا۔ باوضو تازہ پانی پر جو کوری ہانڈی یا کورے گھڑے میں ہو سورۃ
فاتحہ ہر مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بوصل میم رحیم
بلام الحمد (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ (مِلْحَمْدُ)
ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر اور معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) گیارہ گیارہ مرتبہ اور قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ
بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ۔ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور بوقت
صبح نہار منہ قبل طلوع شمس جس قدر پیا جائے زیادہ سے زیادہ پلائیں اور اس
کے پینے کے بعد آدھ گھنٹہ تک کوئی دوا یا غذا نہ دیں۔ آدھ گھنٹہ گذر جانے کے
بعد جو چاہیں کھلائیں، پلائیں اور باقی ماندہ (بچا ہوا) پانی ہی دن رات میں
جب بھی پیاس لگے پلایا جائے۔ اگلے دن صبح تک یہی پانی پلایا جائے۔ اگلے
روز کے لئے وہ پانی باقی ماندہ (بچا ہوا) کسی پاک جگہ میں جہاں پیر نہ پڑتے
ہوں گرا دیں اور دوسرا تازہ پانی حسب سابق پڑھ کر استعمال کرائیں۔ یہ عمل
چالیس روز تک متواتر کیا جائے کورا گھڑا یا برتن وہی رہے گا بدلہ نہ
جائے گا۔

(ب) دوسرا عمل — عصر کے بعد سورۃ مجادلہ (پارہ ۲۸ کے شروع کی سورت) تین بار پڑھ کر ہر مرتبہ مریض پر پھونکا کریں یہ بھی متواتر چالیس روز تک عمل میں لائیں۔

یہ عمل حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی رح کے تجربہ میں رہا ہے اور الحمدللہ متعدد مایوس العلاج حضرات شفایاب ہوتے ہیں۔

ردسحر یا آسیب کے دفعیہ کا عمل: ا۔ سفید مرغ کو باوضو ذبح کرکے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر "جادو بر سر جادوگر" لکھ کر جہاں وہ مریض سویا کرتا ہے اس کاغذ کو چھت پر لٹکادیں۔ اس طرح سے کہ کاغذ مذکورہ اس مریض کے سینہ پر رہے۔

(ب) ردّ سحر کا عمل — دیسی روشنائی سے مندرجہ ذیل کتابی نقش باوضو لکھے جائیں۔ نقوش کی خانہ پری ترتیب وار ہوگی یعنی خانوں کے خطوط کھینچنے کے بعد بسم اللہ کا عدد (۷۸۶) اوپر لکھنے کے بعد سب سے چھوٹا عدد (۲۱۵۶۲) اس کے خانہ میں سب سے پہلے اس کے بعد اس کے بعد والا عدد اور پھر اسی ترتیب سے جملہ اعداد اپنے اپنے خانوں میں درج ہوں گے۔

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

ان نقوش میں سے ایک نقش موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں پہنادیا جائے اور باقی ماندہ کو روزانہ نہار منہ تازہ پانی میں دھوکر پلادیا جائے۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

(ج) ردّ سحر کا عمل — جاری پانی دریا یا نہر کا یا سات کنووں کا پانی ایک گھڑا (مٹکا) بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیات گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۃ فلق اور سورۃ ناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی میں سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ (بچے ہوتے) پانی سے سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ چالیس دن تک عمل کریں۔ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ (۸۱) وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ (۸۲)

(سورہ یونس کی آیتیں ۸۱، ۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (۱۱۸) فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانقَلَبُوا صَاغِرِينَ (۱۱۹) وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ (۱۲۰) قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِينَ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَارُونَ (۱۲۱)

(سورۃ اعراف کی چار آیات از ۱۱۸ تا ۱۲۱)

إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ (۶۹)

(سورہ طٰہٰ کی آیت ۶۹)

یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جاتے جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

(د) جادو (سحر) سے شفاء کا عمل

کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل
آیت ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر پھونکئے اور کھانے میں صرف
یہی نمک ملا کر دیا کیجئے چالیس دن متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کریں جس میں
یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس کا کھانا علیحدہ پکایا
جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جایا کرے یا گھر میں جو سالن پکتا ہے اس
میں ابتدا سے نمک نہ ڈالا جایا کرے۔ جب سالن پک جائے تو مریض کے
لئے کھانا علیحدہ نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیں اور گھر کے کھانے میں بے پڑھا
ہوا نمک حسب عادت ڈالا جائے۔ آیت حسب ذیل ہے۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ
مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ
يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۔

بچوں کے لئے سوکھا یا مسان کے لئے عمل

آدھ سیر یا سیر بھر یا زیادہ
تل لیکر اس کو دھلوائیں پھر اس کا تیل نکلوائیں اور اس پر مندرجہ ذیل
آیات باوضو پڑھ کر پھونکیں۔

(الحمد شریف) سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ آخر تک تین مرتبہ۔ آیۃ الکرسی
(پ ۳ رکوع ۲) تین مرتبہ والصّٰفّٰت سے من طین لازب تک
(پ ۲۳ رکوع) تین مرتبہ۔ سورۃ جن شروع سے شططا تک (پ ۲۹ رکوع)
تین مرتبہ۔ چاروں قل (قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ الخ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
